**بینک دولت پاکستان**

**شعبہ بینکاری پالیسی وضوابط**

**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

**بی پی آر ڈی سرکلر لیٹر نمبر 06 برائے 2025ء** **یکم مارچ، 2025ء**

تمام بینکوں / ترقیاتی مالی اداروں / مائیکروفنانس بینکوں کے

صدور / چیف ایگزیکٹوز

محترم / محترمہ،

**رمضان المبارک کے مہینے میں دفتر اور کاروباری امور کے اوقات، 1446 ہجری**

ماہِ رمضان المبارک 1446 ہجری کے دوران بینک دولت پاکستان میں درج ذیل دفتری اوقات پر عملدرآمد کیا جائے گا، جن پر تمام بینکس، ترقیاتی مالی ادارے (ڈی ایف آئیز) اور مائیکروفنانس بینکس بھی عمل کریں گے۔

| دن | دفتر کے اوقات |
|---|---|
| پیر تا جمعرات | صبح 09:00 بجے تا دوپہر 3:00 بجے کسی وقفے کے بغیر |
| جمعہ | صبح 9:00 بجے تا دوپہر 12:30 بجے کسی وقفے کے بغیر |

2۔ بینکوں / مائیکروفنانس بینکوں کو مزید ہدایت کی جاتی ہے کہ پبلک ڈیلنگ کے لیے درج ذیل کاروباری (بینکاری) اوقات پر عمل درآمد کیا جائے:

| دن | پبلک ڈیلنگ کے لیے کاروباری (بینکاری) اوقات |
|---|---|
| پیر تا جمعرات | صبح 09:00 بجے تا دوپہر 2:00 بجے کسی وقفے کے بغیر |
| جمعہ | صبح 9:00 بجے تا دوپہر 12:30 بجے کسی وقفے کے بغیر |

3۔ رمضان المبارک کے مہینے کے بعد مذکورہ بالا اوقات خودبخود ماہِ رمضان سے پہلے کے اوقات پر منتقل ہو جائیں گے۔

آپ کا مخلص

**(سید عمران علی)**

**ایڈیشنل ڈائریکٹر**